# Visit of Minister of State for External Affairs Shri V. Muraleedharan to the Republic of The Gambia and the Republic of Senegal (1-5 November 2021)

October 27, 2021

## وزیر مملکت برائے امور خارجہ جناب وی مرلی دھرن کا جمہوریہ گیمبیا اور جمہوریہ سینیگال کا دورہ (1- 5 نومبر 2021)

27 اکتوبر، 2021

وزیر مملکت برائے امور خارجہ اور پارلیمانی امور (ایم او ایس) جناب وی مرلی دھرن 1- 5 نومبر 2021 تک جمہوریہ گیمبیا اور جمہوریہ سینیگال کا سرکاری دورہ کریں گے۔ یہ دونوں ممالک کے لئے ان کا پہلا دورہ ہوگا۔

2- 1-2 نومبر 2021 تک گیمبیا کے اپنے دورے کے دوران، وزیر مملکت جمہوریہ گیمبیا کے صدر عزت مآب ایڈما بیرو سے ملاقات کرنے کے علاوہ خارجہ امور، بین الاقوامی تعاون اور بیرون ملک گیمبیا کے لوگوں کے وزیر ڈاکٹر مامداؤ تنگارا کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کا انعقاد کریں گے۔ اس دورے کے دوران کچھ معاہدوں/ مفاہمت ناموں پر دستخط بھی متوقع ہیں۔ وزیر مملکت گیمبیا میں ہندوستانی کمیونٹی کے ساتھ بھی بات چیت کریں گے۔

3- 4- 5 نومبر 2021 تک سینیگال کے اپنے دورے کے دوران، بھارتی وزیر مملکت اور سینیگال کی وزیر برائے خارجہ امور اور بیرون ملک سینیگالیوں کی وزیر محترمہ ایسیتا ٹال سال کے ساتھ تیسری انڈیا- سینیگال جوائنٹ کمیشن میٹنگ (JCM) کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ وزیر مملکت جمہوریہ سینیگال کے صدر عزت مآب میکی سال سے ملاقات کریں گے۔ اس دورے کے دوران، وزیر مملکت مسلح افواج کے وزیر جناب صدیقی کابا اور دیگر معززین سے بھی ملاقات کریں گے۔ اس دورے کے دوران کچھ معاہدوں/ مفاہمت ناموں پر دستخط کیے جانے کی امید ہے۔ وہ ڈاکار میں ہندوستانی کمیونٹی سے خطاب کریں گے۔

4۔ ہندوستان کے گیمبیا اور سینیگال کے ساتھ گرمجوش، دوستانہ اور خوشگوار تعلقات ہیں۔ کئی سالوں سے، ہندوستان گیمبیا اور سینیگال کے نوجوانوں کی صلاحیت سازی میں سب سے آگے رہا ہے۔ وزیر مملکت کا دورہ ان دونوں ممالک کے ساتھ ہمارے دوطرفہ تعلقات کی رفتار کو برقرار رکھنے میں مدد کرے گا۔

**نئی دہلی**

**27 اکتوبر، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release